رول نمبر:.....................

جماعت دہم (نیا کورس)

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

## وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

### ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

(i) نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) پانی تھا آگ ، گرمی روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخ موج تک آئی ، کباب تھی

(iii) یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشتکار — ارتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

(iv) آس پاس اس کے جو بستے ہیں نہ ان کی پوچھیے — جس قدر ویراں ہے یہ، ہیں اس قدر وہ خستہ حال

(حصہ غزل)

(v) روح کو بھی مزا محبت کا — دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

### ( حصہ دوئم )

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 05,05

(i) حد یہ ہے کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور ان کے سینکڑوں دوستوں اور قدر دانوں کو اس سانحہ ارتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔ افسوس اتنا بڑا صاحب کمال ہم میں سے اٹھ جائے اور اس کی سناؤنی ہم تک نہ پہنچے۔ کتنے بے خبر ہیں ہم لوگ! زندہ قوموں کا یہ شعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہل کمال سے غافل ہو جائیں۔ ایسی غفلت مجرمانہ ہوتی ہے۔ شاید یہ ہماری غفلت ہی کی سزا ہے کہ مرزا صاحب کو یوں ایکا ایکی ہم سے چھین لیا گیا۔

(ii) ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے، اس صلاحیت کو درجہ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے۔ درجہ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے نہ پہنچ سکتا ہے لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان، انسان بنتا ہے۔ یہ سمجھو کندن ہو جاتا ہے۔ حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی، خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا؟

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) اُردو شعراء نے ہر دور میں عید الفطر کو موضوعِ سخن کیوں بنایا؟
(ii) مصنف سجاد حیدر یلدرم پر فقیر کی تقریر نے کیا اثر کیا؟
(iii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کس بات سے زیادہ خوش تھے؟
(iv) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟
(v) حکیم محمد سعید کے سفرِ ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟
(vi) شاعر جوش ملیح آبادی نے کسان کے گھر لوٹنے کی جو تصویر کشی کی ہے۔ اُسے دو سطروں میں لکھیے۔
(vii) نظم میں شاعر دلاور فگار نے "نیا گل کھلانے" کا ذکر کر کے کس طرف اشارہ کیا ہے؟
(viii) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں — اس شعر میں "خورشید ڈھلے ہیں" سے کیا مراد ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) پرستان کی شہزادی (ii) چغل خور 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) برسات کا موسم (ii) شہری اور دیہاتی زندگی (iii) عیدین 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 10

قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ ہمیشہ سے ایماندار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے اور نہ کبھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ ان کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کیلئے توڑ پھوڑ اور خلاف قانون اقدامات کے سخت مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتہ نہیں کرتے تھے۔ اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انہیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بامِ عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات:

(i) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کس قسم کے انسان تھے؟
(ii) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کا سیاسی رویہ کس قسم کا تھا؟
(iii) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کا عظیم کارنامہ کونسا ہے؟
(iv) ہندوستان کے وائسرایوں نے قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟
(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تجویز کیجیے۔